**22.12.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...........آسیہ میمونہ

**Music**

---

☆ بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان آزاد تجارتی معاہدہ، توقع ہے کہ آئندہ پانچ برسوں میں باہمی تجارت کو دوگنا کرے گا۔ یہ بھارت کے ہنرمند ورکروں کیلئے روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا کرے گا۔

☆ ماحولیات کے وزیر بھوپیندر یادو نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ کا فیصلہ، گرین وال پروجیکٹ کے ذریعے اراولی رینج کو تحفظ فراہم کرنے کی حکومت کی پائیدار کوششوں کی توثیق کرتا ہے۔

☆ مالیاتی فراڈ کے خطرے کے اشاریے کی مدد سے، صرف 6 مہینوں میں 660 کروڑ روپئے مالیت کے ساتمر فراڈ نقصانات کو روکا گیا ہے۔

☆ دلّی کی ایک عدالت نے، کانگریس کے سابق رکن پارلیمنٹ سجن کمار کے خلاف 1984 کے سِکھ مخالف فساد کے معاملے میں فیصلے کو محفوظ رکھا ہے۔

☆ بنگلہ دیش کی میڈیا کی تنظیموں نے دو سرکردہ اخباروں کے دفاتر میں تشدد اور توڑ پھوڑ اور اُس کے بعد سرکار کی کارروائی کرنے میں ناکامی کے خلاف احتجاج میں، ڈھاکہ میں ریلی کی ہے۔

☆ اور شمالی اور شمال مشرقی بھارت کے اکثر حصوں میں کُل گہرا دھند چھائے رہنے کی توقع ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**India-New Zealand**

بھارت اور نیوزی لینڈ نے تاریخی اور باہمی طور پر فائدہ مند آزاد تجارتی معاہدے FTA کو کامیابی کے ساتھ تکمیل کرلی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی اور نیوزی لینڈ کے اُن کے ہم منصب کرسٹوفر لکسَن نے آج یہ اعلان کیا۔ جناب مودی نے آج جناب لکسَن کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

وزیراعظم نریندر مودی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان اس سمجھوتے نے، آنے والے پانچ برسوں میں باہمی تجارت کو دوگنا کرنے کی راہ ہموار کی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت مختلف شعبوں میں، نیوزی لینڈ کی طرف سے 20 ارب سے زیادہ ڈالرز مالیت کی سرمایہ کاری کا خیر مقدم کرتا ہے۔ FTA، مہارت والے شعبوں میں بھارت کے ہنرمند افراد کیلئے ایک نئے عارضی روزگار انٹری ویزا کے ذریعے،

ہنرمندی کے شعبے میں روزگار کی راہیں کھولے گا۔ اس میں پانچ ہزار ویزا کا کوٹہ اور تین سال تک قیام کرنے کی سہولت شامل ہے۔ یہ معاہدہ بھارت کی صد فی صد برآمدات پر صفر ڈیوٹی کو یقینی بنائے گا۔

وزیر اعظم لکسَن نے سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں اسے ایک اہم تجارتی معاہدہ قرار دیا، جس میں بھارت کو نیوزی لینڈ کی براہ راست برآمدات پر 95فیصد محصول میں کمی کی گئی ہے۔آج نئ دلّی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے تجارت وصنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ یہ سمجھوتہ دنیا کی جغرافیائی و سیاسی صورتحال میں بھارت کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو ظاہر کرتا ہے۔ کامرس اور صنعت کے وزیر نے نیوزی لینڈ کے اپنے ہم منصب Todd McClay سے ٹیلیفون پر بات کی اور دونوں ملکوں کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے کی کامیاب تکمیل پر اُنھیں مبارکباد دی۔سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب گوئل نے کہا کہ انھوں نے FTA سے متعلق نیوزی لینڈ اور بھارت میں مثبت طور پر ظاہر کئے جانے والے ردِّ عمل پر تبادلۂ خیال کیا۔x

## Bhupandra Yadav Aravli

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپندر یادو نے آج اَراوَلی پہاڑی سلسلے سے متعلق سپریم کورٹ کے حکم کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ عدالتِ عظمیٰ کا فیصلہ اسے تحفظ دینے کی حکومت کی پائیدار کوششوں کو تسلیم کرتا ہے اور اس کی توثیق کرتا ہے۔

نئ دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، جناب یادو نے زور دے کر کہا کہ اَراولی معاملے پر گمراہ کن جانکاری پھیلائی جارہی ہے اور کہا کہ دلّی NCR سمیت خاص طور پر بنیادی، تحفظ کردہ اور ماحولیات کے اعتبار سے حساس علاقوں میں کانکنی کی کسی نئ Lease کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

### VC - Adarsh

ماحولیات کے وزیر بھوپندر یادو نے کہا کہ تحفظ کردہ علاقوں، ماحولیات کے اعتبار سے حساس علاقوں، شیروں کے مسکن، دلدلی علاقوں اور جنگلات لگانے کے فنڈ کے بندوبست اور منصوبہ سازی سے متعلق اتھارٹی CAMPA کے تحت شجرکاری کئے گئے مقامات پر کانکنی پر قطعی طور پر پابندی ہے۔ جناب یادو نے کہا کہ کانکنی کی نئ Lease اُس وقت تک نہیں دی جائے گی، جب تک کہ جنگلات سے متعلق تحقیق اور تعلیم کی بھارتی کونسل کے ذریعے پائیدار کانکنی سے متعلق بندوبست کا تفصیلی منصوبہ جاری نہیں کیا جاتا۔

### SB - Bhupendra Yadav

اَراولی پہاڑی سلسلے کی وضاحت کرتے ہوئے، جناب یادو نے کہا کہ اگر کوئی زمینی ساخت 100میٹر یا اس سے زیادہ اونچی ہے تو وہاں کانکنی کی جاسکتی ہے۔ انہوں نے اجاگر کیا کہ عدالت نے بھی ماحولیات سے متعلق حکومت کی تشویشات کو دھیان میں رکھا ہے۔ اہم اسٹریٹیجک اور ایٹمی معدنیات کے علاوہ کسی بھی کانکنی کی نئ Lease کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

آکاشوانی دلّی سے آدرش کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں تنویر الفرید

**FRI Cyber Fraud**

حکومت نے، مالیاتی فراڈ خطرے کے اشاریے FRI کی مدد سے صرف 6مہینے میں ہی، 660 کروڑ ساتمر فراڈ کے نقصانات کو ہونے سے روکا ہے۔ مواصلات کی وزارت نے بتایا کہ ایک ہزار سے زیادہ بینک، تھرڈ پارٹی ایپلی کیشن فراہم کرنے والے اور ادائیگی کے نظام کے آپریٹرس PSOs، ڈیجیٹل انٹیلیجنس پلیٹ فارم DIP میں شمولیت اختیار کرچکے ہیں اور انھوں نے فعال طور پر FRI کو استعمال کرنا شروع کردیا ہے۔ وزارت نے چوکسی برتنے والے اُن تمام شہریوں اور ساتمر واریئرس کی کوششوں کوتسلیم کیا ہے اور اُن کی ستائش کی ہے جو مشتبہ فراڈ کی کارروائیوں کی رپورٹ کرنے کیلئے سنچار ساتھی پلیٹ فارم کا فعال طور پر استعمال کر رہے ہیں۔ وزارت نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ شہری مرکوز خدمات سے استفادہ کرنے کیلئے سنچار ساتھی ویب پورٹل اور موبائل ایپ کا استعمال کریں۔

**Court 1984 Kumar**

آج دلّی کی ایک عدالت نے 1984کے سِکھ مخالف فسادات سے متعلق ایک کیس میں اپنا حکم محفوظ رکھا، جس میں کانگریس کے پارلیمانی رکن سجّن کمار ایک ملزم ہیں۔ خصوصی جج دِگ ونے سنگھ نے، اِس معاملے میں دلائل مکمل ہونے کے بعد اپنا حکم اگلے ماہ کی 22 تاریخ تک محفوظ رکھا ہے۔ سجّن کمار کو سخت حفاظتی بندوبست کے درمیان عدالت میں پیش کیا گیا تھا۔ فروری 2015میں ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم نے فرقہ وارانہ فسادات کے دوران دلّی کے جَنک پوری اور وِکاس پوری میں تشدد کی شکایات کے تعلق سے سجّن کمار کے خلاف دو FIR درج کی تھیں۔ پہلی FIR جَنک پوری میں تشدد سے متعلق تھی، جہاں دو افراد سوہن سنگھ اور ان کا داماد اوتار سنگھ یکم نومبر 1984 کو مارے گئے تھے۔ دوسری FIR گُرچرن سنگھ کے معاملے میں درج کی گئی تھی، جنھیں دو نومبر 1984 کو وِکاس پوری میں مبینہ طور پر زندہ جلا دیا گیا تھا۔x

**Delhi HC ED**

دلّی ہائی کورٹ نے آج کانگریس رہنما سونیا گاندھی، راہل گاندھی اور دیگر افراد سے نیشنل ہیرالڈ کیس میں انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی جانب سے دائر کردہ عرضداشت کا جواب دینے کا حکم دیا ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے نچلی عدالت کے حکم کو چیلنج کیا تھا، جس میں عدالت نے، اِس معاملے میں ملزمین کے خلاف فردِ جرم پر قانونی کارروائی کرنے سے انکار کردیا تھا۔ جسٹس رویندر ڈوڈیجا نے کانگریس لیڈروں و دیگر کو اصل مقدمے اور ED کی عرضداشت کے تعلق سے نوٹس جاری کیا۔ ED نے اپنی عرضداشت میں، نچلی عدالت کے 16دسمبر کے حکم پر روک لگانے کی درخواست کی تھی۔ ہائی کورٹ نے، اس معاملے کی اگلی سنوائی اگلے برس 12مارچ مقرر کی ہے۔ ہائی کورٹ نے ED کی درخواست پر سونیا گاندھی اور راہل گاندھی کے علاوہ، سُمن دوبے، Sam Pitroda، ینگ انڈین، Dotex مرچنڈائز پرائیویٹ لمیٹیڈ اور سنیل بھنڈاری کو نوٹس جاری کئے۔ ED نے سبھی ملزمین کو منی لانڈرنگ کے معاملے میں ملزم گردانہ ہے۔ x

## Court Goa Fire

گوا کی عدالت نے آج سوربھ لُوتھرا اور گورَو لُوتھرا کی پولیس حراست میں پانچ دن کی توسیع کی ہے۔ یہ دونوں افراد Birch by Romeo Lane نائٹ کلب کے مالکان ہیں، جہاں اس مہینے کی 6 تاریخ کو، اِس بھیانک آگ لگنے کے حادثے میں 25افراد کی موت ہوگئی تھی۔ اس حادثے کے بعد دونوں بھائی تھائی لینڈ فرار ہوگئے تھے اور انہیں 17دسمبر کو ملک واپس لایا گیا تھا۔ Anjuna پولیس نے، اُن کے خلاف حادثاتی طور پر لوگوں کے ہلاک ہونے کا مقدمہ درج کیا ہے، جو قتل یا دیگر فوجداری جرائم کے زمرے میں نہیں آتا۔ عدالت نے اس کلب کے ایک دیگر مالک اجے گپتا کو بھی عدالتی تحویل میں بھیجا ہے کیونکہ پولیس نے اس کی تحویل میں توسیع کا مطالبہ نہیں کیا۔ اب تک8افراد کو اس معاملے میں گرفتار کیا جاچکا ہے، وہیں پولیس نے برطانوی شہری Surinder کمار کھوسلا کے خلاف ایک Blue Corner نوٹس جاری کرنے کی کارروائی شروع کردی ہے، جو اس حادثے کے بعد برطانیہ بھاگ گیا تھا۔ x

## Ajmer URS PM

راجستھان میں اجمیر شریف میں صوفی بزرگ خواجہ معین الدین حسن چشتی کے جاری 814ویں سالانہ عرس کے موقع پر، وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے ایک چادر چڑھائی گئی۔ یہ چادر اقلیتی امور کے مرکزی وزیر نے درگاہ میں مذہبی روایات کے مطابق نذر کی۔x

## WHO Ayush Meeting

بھارت اور صحت کی عالمی تنظیم WHO نے روایتی علاج ومعالجہ کو عالمی صحت دیکھ بھال کے معیارات کے ساتھ مربوط کرنے کی جانب ایک اہم قدم اٹھایا ہے۔ آیوش کی وزارت اور WHO نے اس سلسلے میں نئی دلّی میں ایک دو روزہ تکنیکی پروجیکٹ میٹنگ کی۔ میٹنگ میں صحت دیکھ بھال کی بین الاقوامی زمرہ بندی کے تحت روایتی علاج کے طور طریقوں کے کوڈ تیار کرنے پر توجہ مرکوز کی گئی۔ یہ اقدام اس سال مئی میں آیوش کی وزارت اور WHO کے درمیان ایک مفاہمت نامے پر دستخط کے بعد کیا گیا ہے جس کا مقصد آیوروید، سِدّھا اور یونانی نظاموں کیلئے ایک مخصوص عالمی زمرہ بندی کا ماڈیول وضع کرنا ہے۔x

## Niti Aayog Education Report

نیتی آیوگ نے آج بھارت میں اعلیٰ تعلیم کی عالمگیریت پر ایک رپورٹ پیش کی ہے۔ اس رپورٹ کا مقصد، بھارتی اعلیٰ تعلیمی اداروں کو عالمی سطح کے تعلیمی اور تحقیقی پلیٹ فارمز پر صف اول میں جگہ دینا ہے۔ رپورٹ میں 22پالیسی سفارشات، مخصوص شراکت داروں کیلئے عملی کارروائیوں کے 76طریقے، 125 کارکردگی کی کامیابی کے اشارے اور 30 بھارتی اور عالمی طریقوں کا خاکہ پیش کیا گیا ہے، جو اس وقت مختلف نظامی اور ادارہ جاتی شراکت داروں کے ذریعہ نافذ کئے جارہے ہیں۔ کلیدی سفارشات میں عالمگیریت کو نافذ کرنے کیلئے ایک جامع حکمتِ عملی وضع کرنا اور ایک انڈین Alumni Ambassador نیٹ ورک بنانا شامل ہے۔x

## Defence IOL Agreement

انڈیا Optel لمیٹڈ IOL اور ایک چھوٹی نورتن سرکاری شعبے کی دفاعی کمپنی نے، بھارت میں دو اعلیٰ درستگی والے اور لڑائی کیلئے آزمودہ نظاموں کی تیاری کیلئے، فرانس کے ساتھ آج ایک سمجھوتے پر دستخط کئے ہیں۔ وزارتِ دفاع نے کہا کہ Safran الیکٹرانکس اینڈ ڈیفنس کے ساتھ اِس سمجھوتے پر دستخط کئے گئے ہیں، جو میک اِن انڈیا کے وزیرِ اعظم نریندر مودی کے ویژن کے مطابق، مقامی طور پر مینوفیکچرنگ کی راہ ہموار کرے گا۔ شراکت داری کے تحت IOL - تیاری، حتمی اسمبلی، ٹسٹنگ، معیار کے کنٹرول اور مکمل لائف سائکل سپورٹ کیلئے ذمہ دار ہوگا اور اِس بات کو یقینی بنائے گا کہ یہ نظام، بھارتی فوج کی کارروائی جاتی ضروریات کے مطابق ہوں۔ x

## Govt Eight Core Index

آٹھ سرکردہ صنعتوں کے مشترکہ اشاریے میں اِس سال نومبر میں، گذشتہ سال اسی مہینے کے مقابلے میں، ایک اعشاریہ آٹھ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ کامرس اور صنعت کی وزارت نے کہا کہ سیمنٹ، فولاد، فرٹیلائیزر اور کوئلے کی پیداوار میں نومبر میں مثبت پیشرفت ریکارڈ کی گئی ہے۔ وزارت نے کہا کہ اس سال نومبر میں، پچھلے سال اِسی مہینے کے مقابلے میں، کوئلے کی پیداوار میں دو اعشاریہ ایک فیصد کا اضافہ ہوا، فرٹیلائیزر کی پیداوار میں پانچ اعشاریہ چھ فیصد، سیمنٹ کی پیداوار میں 14اعشاریہ پانچ فیصد اور اسٹیل کی پیداوار میں چھ اعشاریہ ایک فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ البتہ نومبر میں، خام تیل کی پیداوار میں تین اعشاریہ دو فیصد کی کمی ہوئی ہے جبکہ قدرتی گیس کی پیداوار میں بھی دو اعشاریہ پانچ فیصد کی کمی ہوئی ہے۔x

## Scindia Task Force Meeting

شمال مشرقی خطے کی فروغ کے وزیر جیوترآدتیہ سندھیا نے، شمال مشرقی خطے میں بنیادی ڈھانچے، لاجسٹک اور کنکٹی ویٹی سے متعلق آج ایک اعلیٰ سطحی ٹاسک فورس کی میٹنگ کی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں وزیر موصوف نے کہا کہ اِس میٹنگ کی صدارت تریپورہ کے وزیر اعلیٰ ڈاکٹر مانِک ساہا نے کی۔ اِس میٹنگ میں وزیر اعظم نریندر مودی کے ''ایکٹ ایسٹ، ایکٹ فاسٹ اور ایکٹ فرسٹ'' کے وژن کے تحت Ashtalakshmi ریاستوں کی فہرست بندی کی غرض سے، جنوب مشرقی ایشیا کیلئے بھارت کے گیٹ وے کے طور پر، ایک جامع روڈ میپ تیار کیا ہے۔x

## Bangladesh Council

بنگلہ دیش میں، بنگلہ دیش کی ایڈیٹرس کونسل اور اخباروں کے مالکان کی ایسوشی ایشن کے ذریعے ڈھاکہ میں ایک مشترکہ احتجاجی ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ یہ ریلی پچھلے ہفتے دو سرکردہ اخباروں کے دفاتر میں تشدد اور لوٹ مار نیز محمد یونس کی قیادت والی عبوری سرکار کے ذریعے کی جانے والی کارروائی کے خلاف کی گئی۔ گذشتہ رات ایک ٹاک شو میں بات کرتے ہوئے بنگلہ دیش کی ایڈیٹرس کونسل کے صدر اور New Age کے ایڈیٹر نورالکبیر نے الزام لگایا

کہ یا تو عبوری سرکار کے ایک دھڑے یا پھر سرکار نے ہی، اِس مہینے کی 18 تاریخ کی شب میں Prothom Alo اور The Daily Star نامی اخبارات کے دفاتر پر منصوبہ بند حملہ کرنے اور لوٹ مار کرنے کی اجازت دی تھی۔اسی دوران، ڈھاکہ میں اقلیتی تنظیموں کے لیڈروں نے انسانی چین تشکیل دی اور عبوری سرکار پر الزام لگایا کہ وہ مذہبی اور نسلی اقلیتوں کو نشانہ بنا کر کئے جانے والے تشدد، ہلاکتوں اور ظلم وستم کو روکنے میں ناکام رہی ہے۔ احتجاج کرنے والوں نے کپڑے کا کام کرنے والے ایک ہندو دیپو چندر داس کی ہلاکت کی باقاعدہ تحقیقات کرنے اور اس کیلئے ذمے دار افراد کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے کہا ہے کہ دلّی، ہریانہ، چنڈی گڑھ، ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، لداخ، اڈیشہ، راجستھان، اتراکھنڈ اور ملک کے شمال مشرقی حصوں میں کَل تک گہری دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مزید پیشگوئی کی ہے کہ اِس مہینے کی 27 تاریخ تک پنجاب میں انتہائی گہرا کُہرا چھایا رہے گا۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ ملک کے مختلف حصوں میں گہرا کُہرا چھایا ہوا ہے جس سے روز مرہ کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ قومی راجدھانی خطے میں گہرے دھند کی وجہ سے فضائی اور ریل ٹریفک میں آج خلل پڑا۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے دلّی ہوائی اڈّے کے ایک افسر نے کہا کہ اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر کم حدِّ نظر کی وجہ سے تقریباً 14 پروازوں کو منسوخ کیا گیا۔بھارتی ریلوے کے دلّی ڈویژن نے بتایا ہے کہ دلّی آنے والی مختلف ٹرینوں کے سفر پر اثر پڑا جس میں 35 سے زیادہ ریل گاڑیاں تین گھنٹے سے زیادہ تاخیر سے چلی ہیں۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆